www.muftiakhtarrazakhan.com

The Naatiya Deewaan of Huzoor Hujjatul Islam Imaam Allaamah Shah Haamid Raza Khan

رضي الله عنه

Transliterated by
Faqeer Muhammad Shakeel Qaadiri Ridawi

www.muftiakhtarrazakhan.com

FAIZANE TAJUSHSHARIAH JARI RAHEGA

وارث علوم اعلیٰ حضرت نبیرۂ حجۃ الاسلام جانشین مفتی اعظم ہند جگر گوشہ مفسر اعظم شیخ الاسلام والمسلمین قاضی القضاۃ تاج الشریعہ

حضرت علامہ مفتی الشاہ **محمد اختر رضا خان قادری ازہری** رحمۃ اللہ علیہ

اور خانوادۂ اعلیٰ حضرت کے دیگر علمائے کرام کی تصنیفات اور
حیات و خدمات کے مطالعہ کے لئے وزٹ کریں

Waris e Uloom e Alahazrat, Nabirah e Hujjat ul Islam, Janasheen e Mufti e Azam Hind, Jigar Gosha e Mufassir e Azam Hind, Shaikh ul Islam Wal Muslimeen, Qazi ul Quzzat, Taj ush Shariah Mufti

Muhammad Akhtar Raza Khan

Qadiri Azhari Rahmatullahi Alihi

Or Khaanwada e Alahazrat k Deegar Ulama e Kiram Ki Tasneefat Or Hayaat o Khidmaat k Mutaluah k Liyae Visit Karen.

To discover about writings, services and relical life of the sacred heir of Imam Ahmed Raza, the grandson of Hujut-ul-Islam, the successor of Grand Mufti of India, his Holiness, Tajush-Shariah, Mufti

Muhammd Akhter Raza Khan

Qadri Azhari Rahmatullahi Alihi

the Chief Islamic Justice of India, and other Scholars and Imams of golden Razavi ancestry, visit

www.muftiakhtarrazakhan.com

Taaj-al-Shari'ah Foundation, Karachi, Pakistan. www.muftiakhtarrazakhan.com

تاج الشریعہ فاؤنڈیشن

0092 303 2886671 /makhtarraza1011

Foreword

All Praise is due to Almighty Allah, The Creator and Sustainer of the Universe. Peace, Blessings, and Salutations, upon Him whose excellence is above the entire creation and who has been blessed with being Imam ul Ambia. Peace and Blessings upon His Beloved Companions, who are the manifestation of His blessings, and upon His Noble Family who are the Gates to the City of His Love, and upon the Awliyah-e-Kiraam and Ulama-e-Izaam, especially upon His beloved descendant, the Imam ul Awliyah, Sayyiduna Shaykh Abdul Qaadir Jilani رضي الله عنه, and upon all those who follow in His way with sincerity.

By the Grace of Allah, the Mercy of Sayyiduna Rasoolullah and the Karam of Ghauth-o-Khwaja-o-Raza, and my Masha'ikh especially Huzoor Sayyidi Taajush Shariah, Huzoor Sayyidi Muhad'dith Kabeer and Huzoor Syed Shah Turabul Haq (عليه الرحمة), you have before you a transliteration of the Naatiya kalaam of Hujjatul Islam Imam Haamid Rida Khan رضي الله عنه.

Huzoor Hujjatul Islam is the eldest son of Huzur Alahadrat Azeemul barakat Imam Ahmad Rida Khan رضي الله عنه. Hazrat Hujjatul Islam was an extremely pious mountain of knowledge, his appearance was such that those who saw him were left in awe of his beauty. He attained his knowledge at the feet of his blessed father, Sayyiduna A'la Hadrat Azeemul Barkat رضي الله عنه. He attained proficiency in the fields of Hadith, Islamic Jurisprudence, Tafseer etc. and graduated with distinctions at the tender age of nineteen. His blessed father admired Hujjatul Islam for his sincerity and dedication in gaining knowledge. A'la Hadrat رضي الله عنه loved him so dearly, that he said:
"Hamid is from me and I am from Hamid."
This is a collection of his poetry comprising of Hamd, praise of the Holy Prophet (Sall Allahu 'Alaihi Wa Sallam), and munajaat. I pray that this compilation serves as a means of Blessing for those who read it, and increases our Love for The Most Beloved ﷺ.

I want to sincerely thank Hazrat Mufti Afthab Caasim Sahib Qiblah (Durban, South Africa), Hazrat Mufti Zahid Husain Qaadiri Amjadi (Preston, UK) as always, for their duas and valuable suggestions.
I would also like to thank all the brothers of the team, for proofing, editing and making valuable suggestions to this document. I pray through the Wasila of Nabi Kareem ﷺ that Almighty Allah rewards them all with the best of rewards. Ameen.

Khaakpaaye Imam Ahmad Rida رضي الله عنه
Faqeer Muhammad Shakeel Qaadiri Ridawi Ghufira lahu
(4 Zil Q'adah 1439, Urs-e- Huzur Sadrush Shariah رضي الله عنه)

خدا کہتے نہیں بنتی جدا کہتے نہیں بنتی
خدا پر اِس کو چھوڑا ہے وہی جانے کہ کیا تم ہو

اَنَا مِنْ حَامِد و حَامِد رضَا مِنِّی کے جلووں سے
بِحَمْدِ اللہ رضا حامد ہیں اور حآمد رضا تم ہو

Contents

Foreword 1

Contents 3

Kaun meiñ kaun hay Tu hi Tu, Tu hi Tu hay yaa man hoo 4

Dil mera gudgudaati rahi aarzoo 8

Muhammad Mustafa noor-e-Khuda naam-e-Khuda tum ho 13

Gunaah gaaron ka roz-e-mahshar shafee' Khairul 'anaam hoga 17

Chaand se unn key chehre par gaisoo-e-mushk faam do 20

Shaahid-e-gul hay mast naaz hajlah-e-nau bahaar mein 24

Maa-o-man sey bachaaye Aal-e-Rasool 28

Yaa Ilaahi! baraaye Aal-e-Rasool 36

Paar beraa lagaiye Aal-e-Rasool 40

Hain 'Arsh-e-Baree(n) par jalwah-figan Mahboob-e-Khuda Subhan Allah 46

Kaun meiñ kaun hay Tu hi Tu, Tu hi Tu hay yaa man hoo

Kaun meiñ kaun hay Tu hi Tu, Tu hi Tu hay yaa man hoo
Tu hi Tu hay Tu har soo yaa man laysa illa hoo

Laa ilaaha illa hoo, Laa ilaaha illa hoo, Laa ilaaha illa hoo, yaa man laysa illa hoo.

Zarre mein noor hay gul mein boo, koyal kokay "koo koo koo",
"Pee kahaan" papiha kahey har soo Allahu Allahu Allahu.

Laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, yaa man laysa illa hoo.

Kasrat mein hay kaisi wahdat, wahdat mein phir kaisi kasrat,
Chashm-e-mast mein teri rangat, phoolon mein teri khushboo.

Laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, yaa man laysa illa hoo.

Toor bana hay zarrah zarrah, noor bana hay qatrah qatrah,
Tera thanaa gar but ka bandah, Sajdah buton ka teri soo.

Laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, yaa man laysa illa hoo.

Rooh mein tu hai dil mein tu, Meri aab-o-gil mein tu,
Asl mein tu hay zil mein tu Haq haq haq, hoo hoo hoo.

Laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, yaa man laysa illa hoo.

Laa ma'booda illAllah laa mash-hooda illAllah,
Laa mawjooda illaahoo laa maqsooda illaahoo laa ilaaha illa hoo.

Laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, yaa man laysa illa hoo.

Rooh-o-dil, sirr aur khafi, akhfaa mein bhi hay tu hi,
Qalb-e-sanobar, neel-o-mari, jaari saari sab mein tu.

Laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, yaa man laysa illa hoo.

Hasbi Rabbi jallAllah maa fii qalbii ghairullah,
Noor-e-Muhammad SallAllah Allahu Allahu Allahu.

Laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, yaa man laysa illa hoo.

Awwal tu hay aakhir tu, baatin tu hay zaahir tu,
Qaadir qaadir qaadir tu Allahu Allahu Allahu.

Laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, yaa man laysa illa hoo.

Tu mera Aaqa, mein Tera bandah, bandah bhi kaisa ghanona bandah,
lawth-e-ma'aasi se aagandah, Kar apney karam se 'afw, 'afu.

Laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, yaa man laysa illa hoo.

Tehreer hay aab-e-zar se waraq, hay dil mein likha Haamid key sabaq,
Antal Haadi, antal Haq, laysal haadi illa hoo.

Laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, laa ilaaha illa hoo, yaa man laysa illa hoo.

کون میں کون ہے تو ہی تو، تو ہی تو ہے یَا مَنْ ھُو
تو ہی تو ہے تو ہر سو یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

ذرّے میں نور ہے گل میں بو، کوئل کُوکے "کُو کُو کُو'
'"پی کہاں" پپیہا کہے ہر سو اللہُ اللہُ اللہُ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

کثرت میں ہے کیسی وحدت، وحدت میں پھر کیسی کثرت
چشمِ مست میں تیری رنگت، پھولوں میں تیری خوشبو
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

طور بنا ہے ذرّہ ذرّہ، نور بنا ہے قطرہ قطرہ
تیرا ثنا گر بُت کا بندہ، سجدہ بُتوں کا تیری سو
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

روح میں تو ہے دل میں تو، میری آب و گِل میں تو
اصل میں تو ہے ظل میں تو حَق حَق حَق، ھُوْ ھُوْ ھُوْ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

لَامَعْبُوْدَ اِلَّااللہ لَامَشْھُوْدَ اِلَّااللہ
لَامَوْجُوْدَ اِلَّاہٗ لَامَقْصُوْدَ اِلَّاہٗ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

روح و دل، سر اور خَفِیْ، اَخْفٰی میں بھی ہے تو ہی
قلبِ صنوبر، نیل و مری، جاری ساری سب میں تو
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

حَسْبِیْ رَبِّیْ جَلَّ اللہ مَا فِیْ قَلْبِیْ غَیْرُاللہ
نورِ مُحمّد صَلَّی اللہُ، اللہُ اللہُ اللہُ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

اوّل تو ہے آخر تو، باطن تو ہے ظاہر تو
قادر قادر قادر تو اللہُ اللہُ اللہُ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

تو میرا آقا، میں تیرا بندہ؛ بندہ بھی کیسا گھنونا بندہ

لَوثِ مَعاصی سے آگندہ، کر اپنے کرم سے عَفْو، عَفُوْ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

تحریر ہے آبِ زر سے ورق، ہے دل میں لکھا حاّمد کے سبق

اَنْتَ الْھَ اِیْ، اَنْتَ الْحَقّ، لَیْسَ الْھَ اِیْ اِلَّا ھُوْ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ، یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا ھُوْ

Dil mera gudgudaati rahi aarzoo

Dil mera gudgudaati rahi aarzoo,
Aankh phir phir key karti rahi justujoo,
'Arsh taa farsh dhoond aaya main tujh ko too,
Nikla aqrab zey habl-e-wareed-e-guloo.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo.

Taa-e-raan-e-chaman ki chahek wahdahoo,
Naghma-e-bulbul ka hay laa shareeka lahoo,
Qumriyon ka taraana hay laa ghayrahoo,
Zamzamah tooti ka huwa hoo huwa hoo.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo.

Bulbulon ko chaman mein rahi justujoo,
Papiha kehta phira "pi kahaan" soo ba soo,
Par nah chatka kahin ghuncha-e-aarzoo,
Haan mila toh mila mere dil hi mein too.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo.

Shaahidaan-e-chaman ney lab-e-aab joo,
Aab-e-Gul sey nahaa kar key taaza wuzoo,
Halqa-e-zikr-e-gul key kiya roo ba roo,
Aur lagaaney lagey dam ba dam zarb-e-hoo.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo.

Reh key pardon mein too jalwa aaraa huwaa,
Bas key aankhon mein aankhon sey parda kiya,
Aankh ka pardah, pardah huwa aankh ka,
Band aankhein huween toh nazar aaya too.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo.

Kaabah Kaabah hay Kaabah-e- dil mera,
Kaabah Pathar ka dil jalwah gaah-e-Khuda,
Aik dil par hazaron hee Kaabe fida,
Kaabah-e-jaan-o-dil Kaabe ki aabroo.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo.

Toor-e-seena pey tu jalwa aaraa huwa,
Saaf Moosa sey farmadiya Lan taraa,
Aur inni anAllah shajar bol utha,
Tere jalwon ki nayr nagiyaan soo ba soo.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo.

Mujh ko dar dar phiraati rahi justujoo,
Tootay paaye talab thak rahi aarzoo,
Dhoondta main phira koo ba koo chaar soo,
Tharag-e-jaa(n) sey nazdeek tar dil mein too.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo.

Kon tha jisne subhaani farma diya,
Aur maa A'zama shaanee kis ne kahaa,
Baayazid aur bistaam main kon tha,
Kab analhaqq thi Mansoor ki guftagoo,.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo.

Yaa Ilaahi! dikhaa hum ko woh din bhi tu,
Aab-e-Zamzam sey kar key Haram mein wuzoo,
Baa adab shauq sey beth key Qibla roo,
Mil key hum sab kahein yak zabaan hoo ba hoo.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo.

Maine maana keh Haamid gunahgaar hay,
Ma'siyat kaysh hay aur khataa kaar hay,
Mere Maula magar tu to Ghaffaar hay,
Kehti rahmat hay mujrim sey laa taqnatoo.

Allahoo Allahoo Allahoo Allahoo.

دل مِرا گُدگُداتی رہی آرزو
آنکھ پِھر پِھر کے کرتی رہی جستجو
عرش تا فرش ڈھونڈ آیا میں تجھ کو تو
نکلا اَقْرَ بْزِ حَلْیِ وَرِ یْدِگُلو
اللہ اللہ اللہ اللہ

طائرانِ چمن کی چہک وَحْدَہٗ نغمہ
بلبل کا ہے لَا شَرِ یْکَ لَہٗ
قمریوں کا ترانہ ہے لَا نْوَہٗ
زمزمہ طوطی کا ھُوَہٗ ھُوَہٗ
اللہ اللہ اللہ اللہ

بلبلوں کو چمن میں رہی جستجو
پپیہا کہتا پھرا "پی کہاں" سو بہ سو
پر نہ چٹکا کہیں غنچۂ آرزو
ہاں ملا تو ملا میرے دل ہی میں تو
اللہ اللہ اللہ اللہ

شاہدانِ چمن نے لبِ آب جو
آب گُل سے نہا کر کے تازہ وضو
حلقۂ ذکر گُل کے کیا رو بہ رو
اور لگانے لگے دم بہ دم ضربِ ھُوْ
اللہ اللہ اللہ اللہ

رہ کے پردوں میں تو جلوہ آرا ہوا
بس کے آنکھوں میں آنکھوں سے پردہ کیا
آنکھ کا پردہ، پردہ ہوا آنکھ کا
بند آنکھیں ہوئیں تو نظر آیا تو
اللہ اللہ اللہ اللہ

کعبۂ کعبہ ہے کعبۂ دل مِیرا
کعبہ پتّھر کا دل جلوہ گاہِ خدا
ایک دل پر ہزاروں ہی کعبے فدا
کعبۂ جان و دل کعبے کی آبرو
اللہ اللہ اللہ اللہ

طورِ سینا پہ تو جلوہ آرا ہوا
صاف موسیٰ سے فرما دیا لَنْ تَرَا
اور اِنِّیْٓ اَنَاللہ شجر بول اٹھا
تیرے جلووں کی نیرنگیاں سو بہ سو
اللہ اللہ اللہ اللہ

مجھ کو در در پھراتی رہی جستجو
ٹوٹے پائے طلب تھک رہی آرزو
ڈھونڈتا میں پھرا کو بہ کُو چار سو
تھا رگِ جاں سے نزدیک تر دل میں تو
اللہ اللہ اللہ اللہ

کون تھا جس نے سُبْحَانِیْ فرما دیا
اور مَآ اَعْظَمَ شَانِیْ کس نے کہا
بایزید اور بسطام میں کون تھا
کب اَنَاالْحَقّ تھی منصور کی گفتگو
اللہ اللہ اللہ اللہ

یا الٰہی! دکھا ہم کو وہ دن بھی تو
آبِ زم زم سے کر کے حرم میں وضو
با ادب شوق سے بیٹھ کے قبلہ رو
مل کے ہم سب کہیں یک زباں ہو بہ ہو
اللہ اللہ اللہ اللہ

میں نے مانا کہ حآمد گنہ گار ہے
معصیت کیش ہے اور خطا کار ہے
میرے مولیٰ مگر تو تو غَفَّار ہے
کہتی رحمت ہے مجرم سے لَاتَقْنَطُوْا
اللہ اللہ اللہ اللہ

Muhammad Mustafa noor-e-Khuda naam-e-Khuda tum ho

Muhammad Mustafa noor-e-Khuda naam-e-Khuda tum ho,
Shah-e-Khairul Waraa shaan-e-Khuda salli alaa tum ho.

Shakeeb-e-dil qaraar-e-jaañ Muhammad Mustafa tum ho,
Tabeeb-e-dard-e-dil tum ho mere dil ki dawa tum ho.

Ghareeboñ dardmandoñ ki dawa tum ho duaa tum ho,
Faqeeroñ be-nawaao ki sadaa tum ho nidaa tum ho.

Habeeb-e-Kibriyaa tum ho Imaamul Ambiya tum ho,
Muhammad Mustafa tum ho Muhammad Mujtaba tum ho.

Hamare maljaa-o-maawaa hamara aasraa tum ho,
Thikaana hai thikaanoñ ka shah-e-har do saraa tum ho.

Ghareeboñ ki madad bebas ka bas roohi fidaa tum ho,
Sahaara be-sahaaroñ ka hamara aasraa tum ho.

Na koi maah wash tum sa na koi mah-e-jabeeñ tum sa,
Haseenoñ mein ho tum aise keh mahboob-e-Khuda tum ho.

Me sadqe Ambiya ke yun to mahboob haiñ lekin ,
Jo sab pyaroñ se pyara hai wo mahboob-e-Khuda tum ho.

Haseenoñ meñ tumhiñ tum ho Nabiyoñ meñ tumhiñ tum ho,
Ke mahboob-e-Khuda tum ho Nabiyyul Ambiya tum ho.

Tumhare husn-e-rangeeñ ki jhalak hai sab haseenoñ meñ,
Bahaaroñ ki bahaaroñ meñ bahaar-e-jaañ fizaa tum ho.

Zameeñ meñ hai chamak kis ki falak par hai jhalak kis ki,
Mah-o-khursheed, sayyaroñ, sitaaroñ ki ziya tum ho.

Wo laa saani ho tum Aaqa nahiñ saani koi jis ka,
Agar hai dusra koi to apna dusra tum ho.

Huwal Awwal Huwal Aakhir Huwaz Zaahir Huwal Baatin,
Bi kulli shai in aleem **lauh-e-mahfooz-e-Khuda tum ho.**

Na ho sakte haiñ do awwal, na ho sakte haiñ do aakhir,
Tum awwal aur aakhir, ibtidaa tum intiha tum ho.

Khuda kehte nahiñ banti judaa kehte nahiñ banti,
Khuda par is ko chora hai wahi jane keh kya tum ho.

Anaa min Haamid wa Haamid Raza minni ke jalwoñ se,
Bihamdillaah Raza Hamid haiñ aur Haamid Raza tum ho.

محمد مصطفیٰ نورِ خدا نامِ خدا تم ہو
شَمِ خُوالْوَریٰ شانِ خدا صَلِّ عَلٰی تم ہو

شکیبِ دل قرارِ جاں محمد مصطفی تم ہو
طبیبِ دردِدل تم ہو مِرے دل کی دوا تم ہو

غریبوں درد مندوں کی دوا تم ہو دعا تم ہو
فقیروں بے نواؤں کی صدا تم ہو نِدا تم ہو

حبیبِ کبریا تم ہو اِمَامُ الْاَنْبِیَآء تم ہو
محمد مصطفیٰ تم ہو محمد مجتبیٰ تم ہو

ہمارے ملجا و ماوا ہمارا آسرا تم ہو
ٹھکانہ بے ٹھکانوں کا شَمِ ہر دوسرا تم ہو

غریبوں کی مدد بے بس کا بس رُوْحِیْ فِدَا تم ہو
سہارا بے سہاروں کا ہمارا آسرا تم ہو

نہ کوئی ماہ وَش تم سا نہ کوئی مہ جبیں تم سا
حسینوں میں ہو تم ایسے کہ محبوبِ خدا تم ہو

میں صدقے انبیا کے یوں تو محبوب ہیں، لیکن
جو سب پیاروں سے پیارا ہے وہ محبوبِ خدا تم ہو

حسینوں میں تمھیں تم ہو نبیوں میں تمھیں تم ہو
کہ محبوبِ خدا تم ہو نَبِیُّ الْاَنْبِیَآء تم ہو

تمھارے حُسنِ رنگیں کی جھلک ہے سب حسینوں میں
بہاروں کی بہاروں میں بہارِ جاں فزا تم ہو

زمیں میں ہے چمک کس کی فلک پر ہے جھلک کس کی
مہ خورشید، سیّاروں، ستاروں کی ضیا تم ہو

وہ لاثانی ہو تم آقا نہیں ثانی کوئی جس کا
اگر ہے دوسرا کوئی تو اپنا دوسرا تم ہو

هُوَالْاَوَّل هُوَالْاٰخِر هُوَالظَّاهِر هُوَالْبَاطِن
بِکُلِّ شَیْء عَلِیْم لوحِ محفوظِ خدا تم ہو

نہ ہو سکتے ہیں دو اوّل، نہ ہو سکتے ہیں دو آخر
تم اوّل اور آخر، ابتداء تم انتہا تم ہو

خدا کہتے نہیں بنتی جدا کہتے نہیں بنتی
خدا پر ِلں کو چھوڑا ہے وہی جانے کہ کیا تم ہو

اَنا مِنْ حَامِد و حَامِد رضَا مِنِّی کے جلووں سے
بِحَمْدِاللہ رضا حامد ہیں اور حآمد رضا تم ہو

Gunaah gaaron ka roz-e-mahshar shafee' Khairul 'anaam hoga

Gunaah gaaron ka roz-e-mahshar shafee' Khairul 'anaam hoga,
Dulhan shafa'at banegi dulha Nabi Alayhis Salaam hoga.

Kabhi toh chamke ga najm-e-qismat hilaal mah-e-tamaam hoga,
Kabhi toh zarre pey mahr hogi woh mahr idhar khush kharaam hoga.

Para hoon main unki raah guzar mein parre hi rehne sey kaam hoga,
Dil-o-jigar farsh-e-raah banen gey yeh deedaa-e-mashq kharaam hoga.

Wohi hay shaafe' wohi mushaff'e issi shafa'at sey kaam hoga,
Humari bigri baney gi us din wohi Madaarul mahaam hoga.

Unhin ka moonh sab takein gey us din jo woh karengey woh kaam hoga,
Duhaayi sab un ki dete hongey unhin ka har lab pey naam hoga.

Anaa lahaa keh ke 'aasiyon ko,woh laingey aagosh-e- marhamat mein,
Azeez Iklota jaisey maa ko, unhain har aik yun gulaam hoga.

Idhar woh girton ko thaam laingey udhar woh pyaason ko jaam daingey,
Siraat-o-mizaan-o-houz-e-kauthar yahin woh aali maqaam hoga.

Kahin woh jaltey bujhaatey hongey kahin woh rotey hansaatey hongey,
Woh paye nazuk pey daurna aur ba'eed har aik maqaam hoga.

Huwi jo mujrim ko baazyabi toh khauf-e-ísyaan sey dhaj yeh hogi,
Khamidah sar aabdeedah aankhein larazta hindi ghulaam hoga.

Huzoor-e- murshid khara rahoon ga khare hi rehne sey kaam hoga,
Nigaah-e-lutf-o-karam uthegi to jhuk key mera salaam hoga.

Khuda ki marzi hay unki marzi hay unki marzi Khuda ki marzi,
Unhin ki marzi sey ho raha hay unhin ki marzi pe kaam hoga.

Jidar khuda hay udhar Nabi hay jidar Nabi hay udhar Khuda hay,
Khudaayi bhar sab udhar phiregi jidhar woh 'aali maqaam hoga.

Isi tamanna mein dam parra hey yahi sahaara hey zindagi ka,
Bulaa lo mujhko Madinay sarwar nahin toh jeena haraam hoga.

Huzoor-e- rowzah huwa jo haazir toh apni saj dhaj yeh hogi Haamid,
Khamida sar aankh band lab par mere durood-o-salaam hoga.

گناہ گاروں کا روزِ محشر شفیع خُوالْاَنام ہوگا
کُلھن شفاعت بنے گی کُلھا نبی عَلَیْہِ السَّلَام ہوگا

کبھی تو چمکے گا نجمِ قسمت ہلال ماہِ تمام ہوگا
کبھی تو ذرّ ے پہ مہر ہوگی وہ مہر ادھر خوش خَرام ہوگا

پڑا ہوں میں ان کی رہ گزر میں پڑے ہی رہنے سے کام ہوگا
دل و جگر فرشِ رہ بنیں گے یہ دیدہ مشقِ خرام ہوگا

وہی ہے شافع وہی مشفّع اسی شفاعت سے کام ہوگا
ہماری بگڑی بنے گی اس دن وہی مَدارُالْمَھَامْ ہوگا

اُنھیں کا مُنھ سب تکیں گے اس دن جو وہ کریں گے وہ کام ہوگا
دہائی سب ان کی دیتے ہوں گے اُنھیں کا ہر لب پہ نام ہوگا

"اَنَا لَھَا" کہہ کے عاصیوں کو وہ لیں گے آغوشِ مرحمت میں
عزیز اکلوتا جیسے ماں کو، انھیں ہر اک یوں غلام ہوگا

ادھر وہ گرتوں کو تھام لیں گے اُدھروہ پیاسوں کو جام دیں گے
صِراط و میزان و حوضِ کوثر یہیں وہ عالی مقام ہوگا

کہیں وہ جلتے بجھاتے ہوں گے کہیں وہ روتے ہنساتے ہوں گے
وہ پائے نازک پہ دوڑنا اور بعید ہر اک مقام ہوگا

ہوئی جو مجرم کو بازیابی تو خوفِ عصیاں سے دھج یہ ہوگی
خمیدہ سر، آبدیدہ آنکھیں، لرزتا ہندی غلام ہوگا

حضورِ مُرشِد کھڑا رہوں گا کھڑے ہی رہنے سے کام ہوگا
نگاہِ لطف و کرم اٹھے گی تو جھک کے میرا سلام ہوگا

خدا کی مرضی ہے اُن کی مرضی، ہے اُن کی مرضی خدا کی مرضی
اُنھیں کی مرضی پہ ہو رہاں ہے، اُنھیں کی مرضی پہ کام ہوگا

جدھر خدا ہے اُدھر نبی ہے، جدھر نبی ہے اُدھر خدا ہے
خدائی بھر سب اُدھر پھرے گی جدھر وہ عالی مقام ہوگا

مِلی تمنّا میں دم پڑا ہے، یہی سہارا ہے زندگی کا
بُلا لو مجھ کو مدینے سرور! نہیں تو جینا حرام ہوگا

حضورِ روضہ ہوا جو حاضر تو اپنی سج دھج یہ ہوگی، حآمد!
خمیدہ سر، آنکھ بند، لب پر مِیرے دُرود و سلام ہوگا

Chaand se unn key chehre par gaisoo-e-mushk faam do

Chaand se unn key chehre par gaisoo-e-mushk faam do,
Din hay khila huwa magar waqt-e-sahar hai shaam do.

Roo-e-sabeeh ik sahar zulf-e-duta hai shaam do,
Phool sey gaal subh dam mehr hain laalah faam do.

Aariz-e-noor baar se bikhri huwi hati jo zulf,
Aik andheri raat mein nikle mah-e-tamaam do.

Unnki jabeen-e-noor par zulf-e-siyah bikhar gayi,
Jam'a hain aik waqt mein ziddein subh-o-shaam do.

Khayr sey din Khuda woh laaye donon Haram hamein dikhaaye,
Zamzam-o-Beer e Faatimah ke peeyenge chal ke jaam do.

Zaat-e-Hassan Hussayn hay 'ayn shabeeh-e-Mustafa,
Zaat hai ik Nabi ki zaat hain ye usi ke naam do.

Peeke pilaake maykasho! Humko bachi kuchi hi do,
Qatrah do qatrah hi sahih kuch to baraaye naam do.

Haath sey chaar yaar key hum ko milenge chaar jaam,
Dast-e-Hassan Hussain se aur milenge jaam do.

Aik nigaah-e-naaz par sekron jaam-e-may nisaar,
Gardish-e-chashm-e-mast sey hum ney piye hain jaam do.

Wast-e-musabbihah pey sar rakhiye angootthe ka agar,
Naam-e-Ilaah hai likha "haa" aur "alif" hay "laam" do.

Haath ko kaan par rakho paa ba-adab samayt lo,
"Daal" ho, aik "haa" ho, aik aakhr-e-harf-e-"laam" do.

Naam-e-Khuda hay haath mein, naam-e-Nabi hay zaat mein,
Mohr-e-ghulaami hay parri, likhey huwe hain naam do.

Naam-e-Habeeb ki adaa jaagtey sotey ho adaa,
Naam-e-Muhammadi baney jism ko ye nizaam do.

Naam-e-Khuda muraqq'ah, Naam-e-Khuda rukh-e-Habeeb,
Beeni "Alif" hay, "haa" dahan, zulf-e-duta hai "laam" do.

Wahshi hai aik dil mera zulf-e-siyaah faam ka,
Bandish-e-Ishq sakht tar sayd hai ek daam do.

Talwon se unkay chaar chaand lag gaye mehr-o-maah ko,
Hain yeh unhi ki taabishein, hain yeh unhi ke naam do.

Gaah woh aaftaab hain gaah woh maahtaab hain,
Jam'a hain unkay gaalon mein mehr-o-mah-e-tamaam do.

Baazi zeest maat hai mawt ko bhi mamaat hay,
Mawt ko bhi hay aik din mawt pe izn-e-aam do.

Ab to Madinah lo bula gumbad-e-sabz de dikha,
Haamid-o-Mustafa Raza hind mein hain ghulaam do.

چاند سے اُن کے چہرے پر گیسوئے مشک فام دو
دن ہے کھلا ہوا مگر وقتِ سحر ہے شام دو

روئے صبیح اک سحر زلفِ دوتا ہے شام دو
پھول سے گال صبح دم مہر ہیں لَالَہ فام دو

عارضِ نور بار سے بکھری ہوئی ہٹی جو زلف
ایک اندھیری رات میں نکلے مہِ تمام دو

اُن کی جبینِ نور پر زلفِ سیہ بکھر گئی
جمع ہیں ایک وقت میں ضِدّیں صبح و شام دو

خیر سے دن خدا وہ لائے دونوں حرم ہمیں دکھائے
زمزم و بیرِ فاطمہ کے پئیں چل کے جام دو

ذاتِ حَسن حُسین ہے عَینِ شبیہِ مصطفیٰ
ذات ہے اک نبی کی ذات ہیں یہ اسی کے نام دو

پی کے پِلا کے مَے کشو! ہم کو بچی کُھچی ہی دو
قطرہ دو قطرہ ہی سہی کچھ تو برائے نام دو

ہاتھ سے چار یار کے ہم کو ملیں گے چار جام
دستِ حَسن حُسین سے اور ملیں گے جام دو

ایک نگاہِ ناز پر سیکڑوں جامِ مَے نثار
گردشِ چشمِ مست سے ہم نے پئے ہیں جام دو

وسطِ مُسَبِّحَہ پہ سر رکھیے انگوٹھے کا اگر
نامِ اِلٰہ ہے لکھا "ہ" اور "الف" ہے "لام" دو

ہاتھ کو کان پر رکھو پا بہ ادب سمیٹ لو
"دال" ہو، ایک "ح" ہو، ایک آخرِ حرفِ " لام" دو

نامِ خدا ہے ہاتھ میں، نامِ نبی ہے ذات میں
مُہرِ غلامی ہے پڑی، لکھے ہوئے ہیں نام دو

نامِ حبیب کی ادا جاگتے سوتے ہو ادا
نامِ محمدی بنے جسم کو یہ نظام دو

نامِ خدا مرقّعہ، نامِ خدا رخِ حبیب
بینی "الف" ہے، "ہ" دہن، زلفِ دوتا ہے "لام" دو

وحشی ہے ایک دل مِرا زلفِ سیاہ فام کا
بندشِ عشق سخت تر صَید ہے ایک دام دو

تلووں سے اُن کے چار چاند لگ گئے مہر و ماہ کو
ہیں یہ اُنھیں کی تابشیں، ہیں یہ اُنھیں کے نام دو

گاہ وہ آفتاب ہیں گاہ وہ ماہتاب ہیں
جمع ہیں ان کے گالوں میں مہر و مہِ تمام دو

بازیِ زیست مات ہے موت کو بھی مَمات ہے
موت کو بھی ہے ایک دن موت پہ اذنِ عام دو

اب تو مدینے لے بُلا گنبدِسبز دے دکھا
حآمد و مصطفیٰ تِرے ہند میں ہیں غلام دو

Shaahid-e-gul hay mast naaz hajlah-e-nau bahaar mein

Shaahid-e-gul hay mast naaz hajlah-e-nau bahaar mein,
Naaz-o-adaa key phool haiñ phoole gale ke haar mein.

Aayeiñ ghataayeiñ jhoom kar ishq key koh saar mein,
Baarish-e-gham hay ashk baar giryah-e-be-qaraar mein.

Ishq ne chhori phuljhari dil ki lagi bharak uthi,
Aatish-e-gul key phool se aag lagi bahaar mein.

Aankhoñ se lag gayi jhari bahr mein mauj aa gayi,
Sail-e-sirishk ubal parra naala-e-qalb-e-zaar mein.

Shauq ki cheerah dastiyaañ dil ki uraayeiñ dhajjiyaañ,
Wahshat-e-ishq ka samaañ daaman-e-taar taar mein.

Bijli si ik tarrap gayi khirman-e-hosh urr gaya,
Barq sharaarah baar thi jalwah-e-Noor-e-Yaar mein.

Taabish-e-rukh sey chaar chaand lag gayay mihr-o-maah ko,
Husn-e-azal hai jalwa reez aainah-e-izaar mein.

Kaabah-e-abroo dekh kar sajdey jabeeñ mein muztarib,
Dil ki tarrap ko chayn kya taab kahaañ qaraar mein.

Shaahid-e-gul hay Mustafa Taiba chaman hay jaañ fazaa,
Gulshan-e-Quds hay khilaa sahn-e-hareem-e-Yaar mein.

Sosan o yaasaman, saman, sumbal o laala-e-nastaran,
Saara hara bhara chaman phoola usi bahaar mein.

Baagh-e-jinaañ lahak uttha, qasr-e-jinaañ mahak uttha,
Saikroñ haiñ chaman khile phool ki ik bahaar mein.

Saare bahaaroñ ki dulahan hay mere phool ka chaman,
Gulshan-e-naaz ki phaban Taiba key khaar khaar mein.

Tum ho Habeeb-e-Kibriyaa pyari tumhari har adaa,
Tum sa koi haseeñ bhi hay gulshan-e-roz gaar mein.

Nikli na koi aarzoo dil ki hi dil mein reh gayi,
Hasrateiñ hain hazaar dafan qalb ke ik mazaar mein.

Khaar-e-Madinah dekh kar wahshat-e-dil hay zor par,
Dast-e-junooñ ulajh gaya daaman-e-dil ke taar mein.

Maah teri rikaab mein, noor hay aaftaab mein,
Boo hay teri gulaab mein rang tera anaar mein.

Ghuncha-e-dil mehek uttha mauj-e-naseem-e-Taiba sey,
Rooh-e-shameem thi basi gesoo-e-mushk baar mein.

Shauq ki naashakiibiyaañ sauz ki dil gudaaziyaañ,
Wasl ki namuraadiyañ aashiq-e-dil fagaar mein.

Gardish-e-chashm-e-naaz se Haamid mae gusaar mast,
Rang-e-suroor-o-kaif hay chashm-e-khumaar daar mein.

شاہدِگُل ہے مست ناز حجلۂ نو بہار میں
ناز و ادا کے پھول ہیں پھولے گلے کے ہار میں

آئیں گھٹائیں جھوم کر عشق کے کوہ سار میں
بارشِ غم ہے اشک بار گریۂ بے قرار میں

عشق نے چھوڑی پھلجھڑی دل کی لگی بھڑک اٹھی
آتشِ گُل کے پھول سے آگ لگی بہار میں

آنکھوں سے لگ گئی جھڑی بحر میں موج آ گئی
سَیلِ سِرِشک اُبل پڑا نالۂ قلبِ زار میں

شوق کی چیرہ دستیاں دل کی اُڑائیں دھجّیاں
وحشتِ عشق کا سماں دامنِ تار تار میں

بجلی سی اک تڑپ گئی خِرمَنِ ہوش اُڑ گیا
برق شرارَہ بار تھی جلوۂ نورِ یار میں

تابشِ رُخ سے چار چاند لگ گئے مہر و ماہ کو
حُسنِ ازل ہے جلوہ ریز آئینۂ عِذار میں

کعبۂ ابرو دیکھ کر سجدے جبیں میں مضطرب
دل کی تڑپ کو چین کیا تاب کہاں قرار میں

شاہدِگُل ہے مصطفیٰ طیبہ چمن ہے جاں فزا
گُلشنِ قُدس ہے کِھلا صحنِ حریمِ یار میں

سُوسَن و یاسَمَن، سَمَن، سُنبل و لالہ نسترَن
سارا ہرا بھرا چمن پھولا اسی بہار میں

باغِ جناں لہک اٹھا، قصرِ جناں مہک اٹھا
سیکڑوں ہیں چمن کِھلے پھول کی اک بہار میں

سارے بہاروں کی لُلَھن ہے مِرے پھول کا چمن
گُلشنِ ناز کی پھبن طیبہ کے خار خار میں

تم ہو حبیبِ کبریا پیاری تمھاری ہر ادا
تم سا کوئی حَسیں بھی ہے گُلشنِ روز گار میں

نکلی نہ کوئی آرزو دل کی ہی دل میں رہ گئی
حسرتیں ہیں ہزار دفن قلب کے اک مزار میں

خارِ مدینہ دیکھ کر وحشتِ دل ہے زور پر
دستِ جنوں الجھ گیا دامنِ دل کے تار میں

ماہ تِری رکاب میں، نور ہے آفتاب میں
بو ہے تِری گلاب میں رنگ تِرا انار میں

غنچۂ دل مہک اٹھا موجِ نسیمِ طیبہ سے
روحِ شمیم تھی بسی گیسوئے مشک بار میں

شوق کی ناشکیبیاں سوز کی دل گدازیاں
وصل کی نامُرادیاں عاشقِ دل فگار میں

گردشِ چشمِ ناز سے حاؔ مِدمَے گُسار مست
رنگِ سرور و کیف ہے چشمِ خمار دار میں

Maa-o-man sey bachaaye Aal-e-Rasool

Maa-o-man sey bachaaye Aal-e-Rasool,
Min-o-'an hun razaaye Aal-e-Rasool.

Haq mein mujhko gumaaye Aal-e-Rasool,
Mujhko haq se milaaye Aal-e-Rasool.

Meri aankhon mein aaye Aal-e-Rasool,
Mere dil mein samaaye Aal-e-Rasool.

Tu hi jaan-e-fidaaye Aal-e-Rasool,
Qadr-e-sumuwi-e-simaaye Aal-e-Rasool.

Saat aflaak zeene phir Kursi
'Arsh-e-rif'at saraaye Aal-e-Rasool.

Chaandnaa chaand ka Madeene key
Lum'ah haq numaaye Aal-e-Rasool.

Hay iraadah tera iraadah haq
Haq ki marzi razaaye Aal-e-Rasool.

Ba'd jiske na hoga faqr kabhi
Woh ghanaa hai ghanaaye Aal-e-Rasool.

Sibghatullah ki charrhi apni
Haq ki rangat rachaaye Aal-e-Rasool.

Us ki nayrangiyon mein hon yak rang
Rang-e-wahdat jamaaye Aal-e-Rasool.

Ho khudi door aur Khuda baaqi
Ho Khuda hi Khudaaye Aal-e-Rasool.

Mowt se pehle mujh ko mowt aaye
Meri Hasti mitaaye Aal-e-Rasool.

Yoon mittun mein keh mujh mein mit jaaye
Mujh ko mujh se gumaaye Aal-e-Rasool.

Jeete jee jee mein main guzar jaaun
Phool meri utthaaye Aal-e-Rasool.

Beeri kat jaaye har tashakhus ki
Qayd se yoon churaaye Aal-e-Rasool.

Yeh khudi bhi fidaaye da'waa hay
Kar de bey-khud Khudaaye Aal-e-Rasool.

Soorat-e-Shaykh ka tasawwur ho
Hoon mein mahw-e-liqaaye Aal-e-Rasool.

Sar taa paayam fidaa sar-o-paayat
Wah cheh noor-o-ziyaaye Aal-e-Rasool.

Dil-o-jaanam fidaa sarat gardam
Lum'ah haq numaaye Aal-e-Rasool.

Bhar dey qatrey key seeney mein qulzam
Nam mein yam ko samaaye Aal-e-Rasool.

Haqquhu haq ho zaahir o baatin
Haq key jalwe dikhaaye Aal-e-Rasool.

Dil mein haq haq zabaan peh haq haq ho
Deed Haq ki karaaye Aal-e-Rasool.

Haq ka deewaana Haadi Haq sey
Haq ki dhoomein machaaye Aal-e-Rasool.

Faani ho jaaun Shaykh mein apne
Ho ba-hoo ho adaaye Aal-e-Rasool.

Faani fillah Baaqi billah hoon
Tu hi tu hai Khudaaye Aal-e-Rasool.

Yeh taqarrub miley nawaafil sey
Hoon Habeeb-e-fidaaye Aal-e-Rasool.

Haath paaon ho aankh kaan ho woh
'Aql bhi ho fidaaye Aal-e-Rasool.

Mere a'zaa bane mera Mawla
Mujh pe pyaar aaye Aal-e-Rasool.

Us se dekhoon sunoon chaloon pakroon
Mawla de bandah paaye Aal-e-Rasool.

Meri hasti hijaab hay mera
Tu hi pardah utthaaye Aal-e-Rasool.

Qurb haasil ho phir faraaiz ka
Soofi kaamil banaaye Aal-e-Rasool.

Mulk-e-Laahoot sey ilan-naasoot
Hone raj'at nah paaye Aal-e-Rasool.

Sayr-e-Fillah aur minAllah ho
Darje sab tey karaaye Aal-e-Rasool.

Phir ilAllah fanaa-e-mutlaq sey
Poora saalik banaaye Aal-e-Rasool.

Qayd-e-naasoot sey rihaayi ho
Pherey merey barrhaaye Aal-e-Rasool.

Shaakh-e-Laahoot par baseraa ho
Ho yeh taayir humaaye Aal-e-Rasool.

ما و مَن سے بچائے آلِ رسول
مِن و عَن ہوں رضائے آلِ رسول

حق میں مجھ کو گُمائے آلِ رسول
مجھ کو حق سے ملائے آلِ رسول

میری آنکھوں میں آئے آلِ رسول
میرے دل میں سمائے آلِ رسول

تو ہی جانے فدائے آلِ رسول
قدرِ سُمْوِ سمائے آلِ رسول

سات اَفلاک زینے پھر کرسی
عرشِ رِفعت سرائے آلِ رسول

چاندنا چاند کا مدینے کے
لُمعۂ حق نُمائے آلِ رسول

ہے ارادہ تِرا ارادۂ حق
حق کی مرضی رضائے آلِ رسول

بعد جس کے نہ ہوگا فقر کبھی
وہ غنا ہے غنائے آلِ رسول

صِبغۃ اللہ کی چڑھی اپنی
حق کی رنگت رچائے آلِ رسول

اس کی نیرنگیوں میں ہوں یک رنگ
رنگِ وحدت جمائے آلِ رسول

ہو خودی دور اور خدا باقی
ہو خدا ہی خدائے آلِ رسول

مَوت سے پہلے مجھ کو مَوت آئے
میری ہستی مٹائے آلِ رسول

یوں مٹوں میں کہ مجھ میں مٹ جائے
مجھ کو مجھ سے گُمائے آلِ رسول

جیتے جی جی میں مَیں گزر جاؤں
پھول میری اٹھائے آلِ رسول

بیڑی کٹ جائے ہر تشخص کی
قید سے یوں چھڑائے آلِ رسول

یہ خودی بھی فدائے دعویٰ ہے
کر دے بے خود خدائے آلِ رسول

صورتِ شیخ کا تصوّر ہو
ہوں میں مَحوِ لقائے آلِ رسول

سر تا پایَم فدا سر و پایَت
وَہ چہ نور و ضیائے آلِ رسول

دل و جانم فدا سَرَت گَردَم
لُمعۂ حق نمائے آلِ رسول

بھر دے قطرے کے سینے میں قلزم
نم میں یم کو سمائے آلِ رسول

حَقُّۂ حق ہو ظاہر و باطن
حق کے جلوے دکھائے آلِ رسول

دل میں حق حق زباں پہ حق حق ہو
دید حق کی کرائے آلِ رسول

حق کا دیوانہ ہادیِ حق سے
حق کی دھومیں مچائے آلِ رسول

فانی ہو جاؤں شیخ میں اپنے
ہو بہ ہو ہو ادائے آلِ رسول

فَانِیْ فِی اللہ بَاقِیْ بِاللہ ہوں
تو ہی تو ہے خدائے آلِ رسول

یہ تَقَرُّ بْملے نوافل سے
ہوں حبیبِ فدائے آلِ رسول

ہاتھ پاؤں ہو آنکھ کان ہو وہ
عقل بھی ہو فدائے آلِ رسول

میرے اَعضا بنے مِرا مولیٰ
مجھ پہ پیار آئے، آئے آلِ رسول

اس سے دیکھوں سنوں چلوں پکڑوں
مَولیٰ دے بندہ پائے آلِ رسول

میری ہستی حجاب ہے میرا
تو ہی پردہ اٹھائے آلِ رسول

قرب حاصل ہو پھر فرائض کا
صوفی کامل بنائے آلِ رسول

مُلکِ لَاہُوْ ت سے اِلَی النَّاسُوْتْ
ہونے رجعت نہ پائے آلِ رسول

سیرِ فِی اللہ اور مِنَ اللہ ہو
درجے سب طے کرائے آلِ رسول

پھر اِلَی اللہ فنائے مطلق سے
پورا سالک بنائے آلِ رسول

قیدِنَاسُوْتْ سے رہائی ہو
پھیرے میرے بڑھائے آلِ رسول

شاخِ لَاھُوْتْ پر بسیرا ہو
ہو یہ طائر ہُمائے آلِ رسول

Yaa Ilaahi! baraaye Aal-e-Rasool

Yaa Ilaahi! baraaye Aal-e-Rasool,
Dil mein bhar dey walaaye Aal-e-Rasool.

Sookhey daanon pey bhi baras jaaye
Abr-e-jood-o-sakhaaye Aal-e-Rasool.

Sar sey qurban tujhpey aankhon sey
Aankhein sar sey fidaaye aal-e-Rasool.

Sahaq-e- na'layn ragra aankhon ka
Tutiyaa khaakpaaye Aal-e-Raasool.

Meri bigri banee hay tere haath
Tu hi bigri banaaye Aal-e-Rasool.

Tujh se jis ko mila mile pyaare
Tujh se jo paaye paaye Aal-e-Rasool.

Tezi mehr-e-hashr ka kya khauf
Main hoon zer-e-liwaaye Aal-e-Rasool.

Baadshah hain gadaa tere dar key
Hoon gadaaye gadaaye Aal-e-Rasool.

Taaj waalon ka taaj-e- izzat hay
Kuhna na'layn-e-paaye Aal-e-Rasool.

Thandi thandi naseem-e-Maarahra
Dil ki kaliyan khilaaye Aal-e-Rasool.

Bheeni bheeni si mast khushboo sey
Dil ki kaliyaan basaaye Aal-e-Rasool.

Teeb-e-Taiba mein hay basi kaliyaan
Mehki gulgoun kabaaye Aal-e-Rasool.

Bhoolay bhatkon ka khizr hi toh hay
Raastey par lagaaye Aal-e-Rasool.

Sabz gumbad pey urr key jaa bethoon
Shauq key par lagaaye Aal-e-Rasool.

Khaak meri urray jo ba'ad-e-fanaa
Madani ho hawaaye Aal-e-Rasool.

Ab toh gadya garoon ki chandi hay
Hain kharay sikkah haaye Aal-e-Rasool.

Khum sey asan jamaaye dar pey gadaa
Koi pyaala pilaaye Aal-e-Rasool.

یا الٰہی! برائے آلِ رسول
دل میں بھر دے وِلائے آلِ رسول

سوکھے دھانوں پہ بھی برس جائے
ابرِ جُود و سخائے آلِ رسول

سر سے قربان تجھ پہ آنکھوں سے
آنکھیں سر سے فدائے آلِ رسول

سحقِ نعلین رگڑا آنکھوں کا
طوطیا خاکپائے آلِ رسول

میری بگڑی بنی ہے تیرے ہاتھ
تو ہی بگڑی بنائے آلِ رسول

تجھ سے جس کو ملا ملے پیارے
تجھ سے جو پائے پائے آلِ رسول

تیزیِ مہرِ حشر کا کیا خوف
میں ہوں زیرِ لِوائے آلِ رسول

بادشاہ ہیں گدا تِرے در کے
ہوں گدائے گدائے آلِ رسول

تاج والوں کا تاجِ عزّت ہے
کہنہ نعلینِ پائے آلِ رسول

ٹھنڈی ٹھنڈی نسیمِ مارہرہ
دل کی کلیاں کھلائے آلِ رسول

بھینی بھینی سی مست خوشبو سے
دل کی کلیاں بَسائے آلِ رسول

طِیبِ طَیبہ میں ہیں بسی کلیاں
مہکی گُل گوں قَبائے آلِ رسول

بھولے بھٹکوں کا خضر ہی تو ہے
راستے پر لگائے آلِ رسول

سبز گنبد پہ اڑ کے جا بیٹھوں
شوق کے پَر لگائے آلِ رسول

خاک میری اڑے جو بعدِفنا
مدنی ہو ہوائے آلِ رسول

اب تو گدیَہ گروں کی چاندی ہے
ہیں کھرے سکّہ ہائے آلِ رسول

خُم سے آسن جمائے در پہ گدا
کوئی پیالہ پلائے آلِ رسول

Paar beraa lagaiye Aal-e-Rasool

Paar beraa lagaiye Aal-e-Rasool,
Doobe bajre taraae Aal-e-Rasool.

Jo haiñ apne paraae Aal-e- Rasool,
Sab ko apna banaae Aal-e-Rasool.

Thokaroñ pe na daal ghairoñ ki,
Ham haiñ qadmoñ mein ae Aal-e-Rasool.

Tera baaraa hay bat rahaa jag mein,
Tu hi de ya dilaae Aal-e-Rasool.

Jholi phailaae hay tera mangta,
Bhar de daataa baraae Aal-e-Rasool.

De de chumkaar kar koi tukra,
Sag-e-dar ko razaae Aal-e-Rasool.

Dar se apne na kar use dur dur,
Dur de dar ki razae Aal-e-Rasool.

Dur duri ka daur daura ho,
Daur phir ye na aae Aal-e-Rasool.

Nighare dar ba dar bhatakte haiñ,
De thikaana baraae Aal-e-Rasool.

Talkhiyaañ saari door ho jaaeñ,
Mae sharbat pilaae Aal-e-Rasool.

Haiñ Raza, Ghous ke qadam ba qadam,
Haiñ qadam un ke paa e Aal-e-Rasool.

Jis ne paaya tumhara paya hai,
Keh utha maiñ ne paae Aal-e-Rasool.

Apni qadmoñ ke neeche hay jannat,
Aur qadam haiñ ye paae Aal-e-Rasool.

Un ki seerat hay seerat-e-Nabawi,
Un ki soorat liqaae Aal-e-Rasool.

Un ke jalwoñ mein un ke jalwe haiñ,
Har adaa se adaae Aal-e-Rasool.

Aate dekheñ jo Aala Hazrat ko,
Aankheñ keh deñ ye aae Aal-e-Rasool.

Hay Bareilly meiñ aaj Maarehra,
Aala Hazrat hay jaae Aal-e-Rasool.

Qaadiriyoñ ka hay lagaa mela,
Hay tamaashaa ziyaae Aal-e-Rasool.

Noori masnad pe noori putlaa hay,
Achcha suthra razae Aal-e-Rasool.

Chathr rahmat ka shaamiyaana hay,
Sar pe hay yaa ridaae Aal-e-Rasool.

Haiñ paroñ se kiye hue saaya,
Pare qudsi jamaae Aal-e-Rasool.

Haiñ ghataa top rahmateñ chaaiñ,
Paa hay zille humaae Aal-e-Rasool.

Ghous ka haath hay mureedoñ par,
Bar zameeñ kassamaai Aal-e-Rasool.

Barakaati barkaat ka dulaha,
Shah Ahmad Razaae Aal-e-Rasool.

Barakaati pyaar ka sehra,
Tere sar hay razaae Aal-e-Rasool.

Qaadiriyat dulhan bani, nausha,
Shah Ahmad Razae Aal-e-Rasool.

Noor ka hulla joraa shaahaana,
Noori jaama abaae Aal-e-Rasool.

Noor ki chehre par nichaawar hay,
Sadqe ham sab gadaae Aal-e-Rasool.

Bel meri bhi ab mandhe charh jaae,
Sadqa Haamid Razaae Aal-e-Rasool.

پار بیڑا لگائے آلِ رسول
ڈوبے بجرے تَرائے آلِ رسول

جو ہیں اپنے پرائے آلِ رسول
سب کو اپنا بنائے آلِ رسول

ٹھوکروں پہ نہ ڈال غیروں کی
ہم ہیں قدموں میں آئے آلِ رسول

تیرا باڑا ہے بٹ رہا جگ میں
تو ہی دے یا دلائے آلِ رسول

جھولی پھیلائے ہے تِرا منگت
ا بھر دے داتا برائے آلِ رسول

دے دے چُمکار کر کوئی ٹکڑا
سگِدر کو رضائے آلِ رسول

در سے اپنے نہ کر اسے در در
در دے در کی رضائے آلِ رسول

دور دوری کا دور دورا ہو
دَور پھر یہ نہ آئے آلِ رسول

نِگھرے در بہ در بھٹکتے ہیں
دے ٹھکانہ برائے آلِ رسول

تلخیاں ساری دور ہو جائیں
مَئے شربت پلائے آلِ رسول

ہیں رضا، غوث کے قدم بہ قدم
ہیں قدم ان کے پائے آلِ رسول

جس نے پایہ تمھارا پایا ہے
کہہ اٹھا میں نے پائے آلِ رسول

اپنی قدموں کے نیچے ہے جنّت
اور قدم ہیں یہ پائے آلِ رسول

www.muftiakhtarrazakhan.com

ان کی سیرت ہے سیرتِ نبوی
ان کی صورت لقائے آلِ رسول

ان کے جلووں میں ان کے جلوے ہیں
ہر ادا سے ادائے آلِ رسول

آتے دیکھیں جو اعلیٰ حضرت کو
آنکھیں کہہ دیں یہ آئے آلِ رسول

ہے بریلی میں آج مارہرہ
اعلیٰ حضرت ہے جائے آلِ رسول

قادرّوں کا ہے لگا میلہ
ہے تماشا ضیائے آلِ رسول

نوری مَسند پہ نوری پتلا ہے
اچھا ستھرا رضائے آلِ رسول

چتھر رحمت کا شامیانہ ہے
سر پہ ہے یا ردائے آلِ رسول

ہیں پروں سے کیے ہوئے سایہ
پرے قدسی جمائے آلِ رسول

ہیں گھٹا ٹوپ رحمتیں چھائیں
پا ہے ظلِّ ہُمائے آلِ رسول

غوث کا ہاتھ ہے مریدوں پر
بر زمیں کالسَّمَاءِ آلِ رسول

بَرَکاتی برکات کا دولھا
شاہ احمد رضائے آلِ رسول

بَرَکاتی پیار کا سہرا
تیرے سر ہے رضائے آلِ رسول

قادرّیت دُلھن بنی، نوشہ
شاہ احمد رضائے آلِ رسول

نور کا حُلّہ جوڑا شاہانہ
نوری جامہ عَبائے آلِ رسول

نور کی چہرے پر نچھاور ہے
صدقے ہم سب گدائے آلِ رسول

بیل میری بھی اب مَندھے چڑھ جائے
صدقہ حامد رضائے آلِ رسول

Hain ‘Arsh-e-Baree(n) par jalwah-figan Mahboob-e-Khuda Subhan Allah

Hain ‘Arsh-e-Baree(n) par jalwah-figan Mahboob-e-Khuda Subhan Allah!
Ik baar huwa deedaar jisey sow baar kahaa Subhan Allah!

Hayraan huwe barq aur nazar ik aan hai aur barson ka safar,
Raakib ne kahaa Allahoo Ghani Markab ne kahaa Subhan Allah!

Taalib ka pataa matloob ko hay matloob hai taalib sey waaqif,
Pardey mein bula kar mil bhi liye pardah bhi rahaa Subhan Allah!

Hay ‘abad kahaan ma’bood kahaan me’raaj ki shab hay raaz nihaa(n),
Do Noor hijaab-e-noor mein the khud Rab ne kahaa Subhan Allah!

Jab sajdon ki aakhri haddon tak jaa pohoncha ‘uboodiyyat waala,
Khaaliq ne kaha Maa shaa Allah! Hazrat ney kahaa Subhan Allah!

Samjhey Haamid insaan hi kya yeh raaz hain husn-o-ulfat key,
Khaaliq ka “Habeebi” kehna tha khalqat ne kahaa Subhan Allah!

ہیں عرشِ بریں پر جلوہ فگن محبوبِ خدا سُبْحَانَ اللہ!
اک بار ہوا دیدار جسے سو بار کہا سُبْحَانَ اللہ!

حیران ہوئے برق اور نظر اک آن ہے اور برسوں کا سفر
راکب نے کہا اَللّٰہُ غَنِیّ مَرکب نے کہا سُبْحَانَ اللہ!

طالب کا پتا مطلوب کو ہے مطلوب ہے طالب سے واقف
پردے میں بلا کر مل بھی لیے پردہ بھی رہا سُبْحَانَ اللہ!

ہے عبد کہاں معبود کہاں معراج کی شب ہے راز نہاں
دو نور حجابِ نور میں تھے خود رب نے کہا سُبْحَانَ اللہ!

جب سجدوں کی آخری حدّوں تک جا پہنچا عُبودّیت والا
خالق نے کہا مَاشَآءَاللہ! حضرت نے کہا سُبْحَانَ اللہ!

سمجھے حامد انسان ہی کیا یہ راز ہیں حُسن و الفت کے
خالق کا "حَبِیْبِیْ" کہنا تھا خَلقت نے کہا سُبْحَانَ اللہ!

Khaakpaaye Imam Ahmad Raza Radi Allahu Anhu
Faqeer Muhammad Shakeel Qaadiri Ridawi Ghufira lahu
(4 Zil Q'adah 1439, Urs-e- Huzur Sadrush Shariah Radi Allahu Anhu)